12/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمود احمد خان سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*........ چھاترو کشتواڑ میں حفاظتی عملے اور ملی ٹینٹوں کے درمیان ہوئی جھڑپ میں تین ملی ٹینٹ ہلاک// اکھنور سیکٹر میں ملی ٹینٹوں کی در اندازی کی ایک کوشش فوج نے بنائی ناکام۔

*........ ہندوارہ میں ایک دلدوز سڑک حادثے میندو طالبہ جاں بحق// لیفٹنٹ گورنر ، وزیر اعلیٰ اور کئی اہم شخصیات کا اظہار افسوس۔

*........ نبارڈ کے تحت مختلف اضلاع میں جا ری پروجیکٹوں کی پیش رفت کا چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ایک میٹنگ میں لیا جائزہ۔

اور

*........ انسانی خلائی پرواز کا بین الاقوامی دن آج۔

کشتواڑ جھڑپ

کشتواڑ ضلعے کے چَترو جنگلاتی علاقے میں حفاظتی عملے اور ملی ٹینٹوں کے درمیان جا ری جھڑپ میں اب تک3 ملی ٹینٹ مارے گئے ہیں۔ جائے واقعہ سے بڑی تعداد میں ہتھیار اور گولی بارود برآمد ہوا ہے۔ سکیورٹی فورسز نے جنگلاتی علاقے میں ملی ٹینٹوں کی مشتبہ نقل و حرکت کا پتہ لگایا جس کے بعد بدھ کو یہ جھڑپ شروع ہوئی۔ ابتدائی طور پر رابطے میں آنے کے بعد ملی ٹینٹ بچ نکلنے میں کامیاب ہوگئے البتہ کل دوبارہ رابطہ ہونے کے بعد زبردست گولہ بھاری شروع ہوئی۔ علاقے میں کاروائی اب بھی جا ری ہیں۔

اسی دوران کریری بھاٹل علاقے کے اکھنور سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کے قریب فوج نے مسلح ملی ٹینٹ گروپ کی طرف سے در اندازی کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ جھڑپ کے دوران اکھنور

میں فوج کا ایک جونیئر کمشنڈ آفیسر ہلاک ہوا۔ واقعے کے بعد علاقے میں تلاشی کاروائی جا ری ہے۔

## LG خراج

دریں اثناءلیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کریری بٹل علاقے میں ڈیوٹی کے دوران اپنی جان نچھاور کرنے والے صوبے دار کلدیپ چند کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے ایک پیغام میں انہوںنے کہا کہ انکی اس عظیم قربانی کو فرامو ش نہیں کیا جائے گا۔ انہوںنے کہا کہ پوری قوم دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑا ہے۔

## حادثہ

ہندوارہ میں آج سڑک کے ایک دلدوز حادثے میں 2طالبہ جاں بحق جبکہ کئی دیگر زخمی ہوئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق گورنمنٹ ڈگری کالج سوگام کی بس جس میں یہ طالبہ ایکسکرشن کےلئے جا رہی تھیں اور ووڈ پورہ میں حادثے کا شکار ہوگئی۔ پولیس اور مقامی لوگوں نے فوری طور بچاؤ کاروائی شروع کی تاہم حادثے میں دو طالبہ اپنی جان گنوا بیٹھی۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے حادثے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کر تے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ کھڑے ہیں ۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں سے اظہار تعزیت کی اور زخمی طالبات کی جلد صحت یابی کےلئے بھی پراتھنا کی۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی حادثے پر گہرے صدمے کا اظہار کیا اور سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے بھی حادثے میں قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کر تے ہوئے سوگوار کنبوں کے ساتھ تعزیت کی۔

## شانت مانو

ایڈیشنل چیف سیکریٹری ایجوکیشن شانت مانونے اس حادثے میں گورنمنٹ ڈگری کالج سوگام کی2طالبات کے جاں بحق ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے بھی حادثے میں ہوئی جانی نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور دیگر کئی اہم شخصیات نے بھی حادثے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

جمونو کشمیر سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن نے بھی ہندوارہ میں پیش آئے سانحہ پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سے اپیل کی کہ حادثے میں زخمی افراد کے بہتر علاج و معالجے کو یقینی بنایا جائے۔

ناصر اسلم

اسی دوران وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی نے آج گورنمنٹ میڈیکل کالج ہندوارہ میں زخمی طالبات کی اعادت کی۔ اس موقعے پر انہوننے کہا۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس ضمن میں صحافی روبی نساءخان نے اپنے خیالات کا اظہار یونکیا ۔

**---(Rubi Nisa)-V/O---**

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آج جموں میں ہائی پاور کمیٹی کے ایک میٹنگ کی صدارت کر تے ہوئے نبارڈ کے دیہی انفراسٹریکچر ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت زیر تعمیر پروجیکٹوں میں ہو رہی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ یہ پروجیکٹ جمونو کشمیر کے مختلف اضلاع میں شروع ہوئے ہیں۔ میٹنگ میں نبارڈ کے سی جی ایم کے علاوہ متعلقہ سینئر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقعے پر انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ بنیادی ڈھانچے کے ترقیاتی منصوبوں کی بر وقت تکمیل کےلئے ٹھوس کوششیں کریں ۔

رپورٹ

جمونو کشمیر سرکار یوٹی کے مختلف اور موافق علاقوں میں مقامی طور ٹولپ کے بلب کی پیدا وار کے سلسلے میں سہولیات پیدا کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔ اس سلسلے میں سکاسٹ کشمیر اننت ناگ کے ساگام علاقے میں ٹولپ بلب کاشت کرنے کا ایک اعلیٰ پایہ کا مرکز قائم کر رہی ہے۔

اسی طرح سے انڈین انسٹی چیوٹ آف انٹگریٹیو میڈسن بھی اس سمت میں کوششیں کر رہا ہے ۔
تفصیلی رپورٹ کے ساتھ آکاشوانی نیوز سرینگر کے سربراہ طارق راتھر۔

----V/O----

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

جا وید رانا

Vista پارک جمونمیں ایکو Raika جل شکتی اور جنگلات کے وزیر جا وید احمد رانا نے آج
ہمارے Vista کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر اظہار خیال کر تے ہوئے انہوںنے کہا کہ ایکو
خوبصورت خطے میں قدرتی ثقافتی ورثے کو محفوظ اور بحال کرنے کی اور ایک اہم پہل ہے۔

سرسوں

جمونو کشمیر میں اس سال سرسوں کی پیدا وار میناضافہ درج کیا جارہا ہے۔ اس سال36ہزار
میٹرک ٹن سروسوں کی ریکارڈ پیدا وار کی اُمید ہے جو پچھلے سال کے مقابلے میں کا فی زیادہ
ہے۔ سرسوں کی پیدا وار میں ہو رہے اس اضافے سے جمونو کشمیر میں سرسوں کے تیل کی
در آمد میں کمی آسکتی ہے۔

آکاشوانی نیوز سرینگر نے جب زراعت محکمے کے جوائنٹ ڈائریکٹر کشمیرسر تاج احمد سے
بات کی تو انہوں نے پیدوار میں ہورہے اضافے کےلئے مختلف پہلوؤں کی اسطرح سے عکاسی
کی۔

سنیل شرما

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے آج ایک پریس کانفرنس کے دوران
نیشنل کانفرنس پر الزام عائد کر تے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی سرکار لوگوں سے
کھوکھلے وعدے کر تی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکار نے جمونو کشمیر کے نوجوانوں کو ایک
لاکھ نوکریاں فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا ، لیکن 6ماہ گذرنے کے بعد بھی ایسا کچھ نہیں ہو اہے۔
انہوں نے کہا کہ لوگوں کو2سو یونٹ بجلی مفت دینے کا وعدہ بھی سراب ثابت ہوا ہے۔

درخشاں اندرابی

صوفی روحانی روایات امن اور بھائی چارے کی پہچان ہے اور ہمیں ان روایات کو مستحکم کرنا ہوگا۔ ان باتوں کا اظہار وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے زیارت شریف سربل اننت ناگ اور عشمقام میں زیارت سخی زین الدین ولیؒ کے سالانہ عرس کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے کیا۔ انہوںنے آج ان زیارت گاہوں کا دورہ کیا اور جموںو کشمیر کی امن و سلامتی کےلئے دعا کی۔

انہوںنے دونوں زیارت گاہوں پر جا ری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا اور متعلقین کو وقت پر انکی تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے عشمقام میں روایتی زول کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیا۔ ہمارے نمائندے تصد ق رشید سے بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

خلائی پرواز

آج انسانی خلائی پرواز کا بین الاقوامی دن ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے12اپریل کو انسانی خلائی پرواز کا بین الاقوامی دن منانے کا اعلان کیا۔12اپریل1961کے روز سوویت شہری یوری گگرین نے پہلی انسانی خلائی پرواز کی، اس تاریخی موقعے نے انسانیت کے فائدے کےلئے خلائی تحقیق کا راستہ کھول دیا۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے آج وادی کشمیر کے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں اور متعلقہ محکموں کی ایک میٹنگ کے دوران بیساکھی تقریبات کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر انہوں نے تمام ضلع ترقیاتی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ سکھ برادری کے تمام مذہبی مقامات بالخصوص گردوارہ چھٹی پادشاہی رعناواری میں بلاخلل بجلی اور پانی کی سپلائی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ دیگر انتظامات مکمل کریں۔

بیساکھی پروگرام

محکمہ سیاحت زبر ون پارک سرینگر میں بیساکھی کے تہوار کی میزبانی کر رہا ہے جس میں نامور گلو کاروں کو مدعو کیا جا رہا ہے ۔ یہ پروگرام کل شام 5بجے بانگڑا اور کلچرل ڈانس سے شروع ہوگا، جس میں حاضرین شفیع سوپوری ، قاضی توقیر ، اویس پنڈت اور دیگر فنکاروں کے فن سے محظوظ ہونگے۔

**NCمبارکباد**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ ، نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ نے بیساکھی کے تہوار پر عوام بالخصوص سکھ برادری کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار مذہبی رواداری، بھائی چارہ اور انسانیت کا درس دیتے ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ یہ تہوار سبھی کی زند گیوں میں خوشی اور خوشحالی لیکر آئے۔**

**فوج**

**فوج میں اگنی پتھ سکیم کے تحت اگنی ویروں کی بھرتی ریلی کے لئے آخری تاریخ 25 اپریل تک بڑھا دی گئی ہے ۔ اس ریلی میں وادی کے تمام ضلعوں اور لداخ یوٹی کے اہل امیدوار حصہ پر درخواست دے www.joinIndianArmy.nic.in لے سکتے ہیں۔ امیدوار ویب سائٹ سکتے ہیں۔**

**NCتعزیت**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ، پارٹی کے مینارٹی سیل کے کنوینر سردار جگدیش سنگھ آزاد نے مینارٹی سیل سے وابستہ ضلع صدر اننت ناگ سردارجنک سنگھ کے فوت ہونے پر رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔**

**اینٹی کورپشن**

**جموں اینڈ کشمیر اینٹی کورپشن بیورو نے آج ایک فرضی اراضی انتقال کے سلسلے میں اُس وقت کے تحصیلدار وجے پور ترسیم لال،پٹواری گرھاسلاتھیااور سائل رمیشور سنگھ کے خلاف درج کیا ہے۔ FIR جموں میں ایک ACB پولیس اسٹیشن**

**حج**

**اقلیتی امور کے وزارت کے سیکریٹری ڈاکٹر چندر شیکھر کمار حج 2025 کےلئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لینے کےلئے سعودی عرب کے دورے پر ہیں۔ انہوں نے سعودی حکام کی جانب سے عازمین حج کی سہولت کےلئے کی جا رہی تیاریوں اور انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت18اعشاریہ8ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر2منٹ پراور**

**غروب آفتاب شام7بجکر1 منٹ پرہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔**

**.....................................**

**............................**

**.................**

**........**